روزنامہ
CPL 61
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
PH: 0092 4524 213029
جمعرات یکم مارچ 2001ء 5 ذی الحج 1421 ہجری- یکم امان 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 50

## خدا کی قسم یہ سچا دین ہے

حضرت خالد بن سعیدؓ اسلام لائے تو ان کے والد نے انہیں شدید زدوکوب کیا اور کوڑے سے بہت مارا- پھر پوچھا کہ کیا اب بھی تم محمد کی اتباع کرو گے- حضرت خالدؓ نے جواب دیا خدا کی قسم یہ سچا دین ہے میں اسی پر قائم رہوں گا- اس پر والد نے انہیں قید کر دیا اور کئی دن بھوکا پیاسا رکھا یہاں تک کہ حضرت خالدؓ موقعہ پا کر حبشہ ہجرت کر گئے

(طبقات ابن سعد جلد 4 ص 94 بیروت 1957ء)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انسان کا تقویٰ تب محقق ہوتا ہے جبکہ اس پر کوئی مصیبت وارد ہو- جب وہ تمام پہلو ترک کر کے خدا تعالیٰ کے پہلو کو مقدم کرلے اور آرام کی زندگی کو چھوڑ کر تلخ زندگی قبول کر لے تب انسان کو حقیقی تقویٰ حاصل ہوتا ہے- انسان کی اندرونی حالت کی اصلاح نری رسمی نمازوں اور روزوں سے نہیں ہو سکتی بلکہ مصائب کا آنا ضروری ہے-

عشق اول سرکش و خونی بود تا گریزد ہر کہ بیرونی بود

اول حملہ عشق کا شیر کی طرح سخت ہوتا ہے- جس قدر انبیاء اور رسول اور صدیق گزرے ہیں ان میں سے کسی نے معمولی امور سے ترقی نہیں پائی بلکہ ان کے مدارج کا راز اس بات میں تھا کہ انہوں نے خدا تعالیٰ کے ساتھ موافقت تامہ کی- مومن کی ساری اولاد ذبح کر دی جائے اور اس کے سوائے بھی اس پر تکالیف پڑیں تب بھی وہ بہر حال قدم آگے بڑھاتا ہے- دیکھو انسان باوجود ہزاروں کمزوریوں کے اپنے سچے دوست کے ساتھ وفاداری کرتا ہے تو کیا خدا جو رحمان اور رحیم ہے وہ تمہارے ساتھ وفاداری نہ کرے گا- خدا تعالیٰ سے ایسا پیار کرو کہ اگر ہزار بچہ ایک طرف ہو اور خدا ایک طرف تو خدا کی طرف اختیار کرو اور بچوں کی پروا نہ کرو مصائب تمام انبیاء پر وارد ہوتے رہے ہیں- کوئی ان سے خالی نہیں رہا- اسی واسطے مصائب کے برداشت کرنے والے کے لئے بڑے بڑے اجر ہیں- اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے اور اپنے رسول کو خطاب کیا ہے کہ صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دو جو مصیبت کے وقت کہتے ہیں کہ ایک وقت تھا کہ ہمارا کوئی وجود ہی نہ تھا- خدا تعالیٰ نے ہم کو پیدا کیا ہے اور اس کی ہم امانت ہیں اور اسی کے پاس جانا ہے- ایسے لوگوں کے واسطے بشارت ہے- ان مصائب کے ذریعہ سے جو برکات حاصل ہوتے ہیں اور خدا تعالیٰ کی طرف سے جو خاص بشارت ملتی ہے وہ نماز روزہ زکوٰۃ سے حاصل نہیں ہو سکتی- نماز کما حقہٗ ادا ہو جاوے تو بہت عمدہ شئے ہے مگر خدا تعالیٰ کی طرف سے جو نشانہ لگتا ہے- وہ سب سے زیادہ ٹھیک بیٹھتا ہے اور اسی سے ہدایت اور رستگاری حاصل ہوتی ہے-

اب اہل جماعت غور سے سنیں اور اس بات کو سمجھیں کہ دونوں قسم کی تکالیف خدا تعالیٰ نے تمہارے واسطے رکھی ہیں- اول تکالیف شرعی ہیں ان کی برداشت کرو- دوسری تکالیف قضا و قدر کی ہیں- اکثر انسان شرعی تکالیف کو کسی نہ کسی طرح ٹال دیتے ہیں اور ان کو پورے طور سے ادا نہیں کرتے- مگر قضا و قدر سے کون بھاگ سکتا ہے- اس میں انسان کا اختیار نہیں-

(ملفوظات جلد پنجم ص 417)

## تقریب شادی

☆محترم ڈاکٹر محمد عطاء النور خالد نوری صاحب آف امریکہ ابن محترم بریگیڈیئر ڈاکٹر محمد مسعود الحسن صاحب نوری راولپنڈی کی تقریب شادی مورخہ 3 فروری 2001ء کو احاطہ تحریک جدید ربوہ میں منعقد ہوئی- ربوہ میں رخصتی کی اس تقریب میں کثیر تعداد میں احباب نے شرکت کی- محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب امیر مقامی، ناظر اعلیٰ نے دعا کرائی-

4 فروری 2001ء محترم ڈاکٹر نوری صاحب نے اپنے بیٹے کی دعوت ولیمہ راولپنڈی کے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں بصورت عصرانہ کی- یہاں بھی کثیر تعداد میں احباب جماعت اور دیگر معززین نے شرکت کی- دعوت ولیمہ کے آخر پر محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب نے دعا کرائی-

دولہا محترم میجر منظور الحسن خان صاحب ابن مکرم ڈاکٹر نور الحسن صاحب گجرات (رفیق حضرت مسیح موعود) کا پوتا اور دولہن محترم میجر عبدالحمید صاحب مرحوم مربی جاپان کی پوتی ہے- جبکہ دولہا دولہن دونوں محترم کرنل مرزا داؤد احمد صاحب مرحوم (ابن حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب) اور محترمہ ذکیہ بیگم صاحبہ (بنت حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ) کے نواسہ نواسی ہیں-

عزیز ڈاکٹر محمد عطاء النور خالد صاحب نے مجلس نصرت جہاں کے تحت 3 سال کے لئے (بعد سپیشلائزیشن) وقف کر رکھا ہے- احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ شادی ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے-

## فضل عمر ہسپتال ربوہ میں سٹاف نرسز کی آسامیاں

☆فضل عمر ہسپتال میں سٹاف نرسز کی کچھ آسامیاں خالی ہیں- پاکستان نرسنگ کونسل کی رجسٹرڈ سٹاف نرسز درخواست دینے کی اہل ہوں گی- شناختی

باقی صفحہ 8 پر

# مجلس انصار اللہ سوئٹزرلینڈ کا

# نواں سالانہ اجتماع

(رپورٹ: ملک حبیب احمد صاحب)

خداتعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ سوئٹزرلینڈ کا نواں سالانہ اجتماع 10،9/ستمبر 2000ء کو بیت محمود زیورک میں ہوا جس میں پہلی بار بیت کے بیرونی حصہ برلب سڑک لوائے احمدیت اور لوائے انصار اللہ لہرایا گیا جو مکرم طارق ولید ترقزر صاحب امیر جماعت سوئٹزر لینڈ نے لہرایا۔

تلاوت و نظم کے بعد مکرم امیر صاحب نے (جو خود خادم ہیں) وضاحت فرمائی کہ عام طور پر خدام سے انصار میں داخلہ پر احباب ہچکچاتے ہیں جبکہ خداتعالیٰ کے نزدیک اس عمر میں روحانی طور پر پختگی آتی ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو چالیس سال کے بعد مبعوث فرمایا۔ آپ کی تقریر جرمن زبان میں تھی جس کا رواں ترجمہ اردو میں کیا گیا۔

مکرم امیر صاحب کے بعد مکرم بشیر احمد صاحب طاہر صدر مجلس انصار اللہ سوئٹزر لینڈ نے ذیلی تنظیموں کے تحت ان اجتماعات کا مقصد بیان کیا کہ ان کا مقصد تعلیم و تربیت ہے اور انصار اللہ میں زندہ دلی پیدا کرنا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے الفاظ میں "جوانوں کے جوان" بنانا ہے۔

اس اجتماع میں درس قرآن مجید، حدیث و ملفوظات کے علاوہ علمی مقابلہ جات بھی ہوئے جن میں مقابلہ حفظ قرآن، تقاریر، پیغام رسانی اور مشاہدہ معائنہ دلچسپ رہے۔

مورخہ 10/ستمبر کو ایک پکنک کا بندوبست تھا۔ چنانچہ دوپہر کے بعد ایک نزدیکی کھلی جگہ پہنچے جہاں پر تکلف کھانے کے بعد مقابلہ رسہ کشی، Slow Cycle اور بنی پکڑنے کے دلچسپ مقابلے ہوئے۔ موسم بہت خوشگوار تھا۔ کئی ایک سوئس لوگوں نے بھی ان دلچسپ مقابلہ جات کو دیکھا اور محظوظ ہوئے۔

آخر پر مکرم امیر صاحب کی زیر ہدایت بیت میں آکر انصار اور خدام نے نماز ظہر و عصر ادا کیں۔ مکرم امیر صاحب نے انعامات تقسیم کئے۔

اختتامی تقریر کے بعد دعا کے ساتھ یہ اجتماع مرکزی روایات کے مطابق اختتام پذیر ہوا۔ الحمدللہ علی ذالک۔

(الفضل انٹرنیشنل 24/نومبر 2000ء)

رپورٹ: محمد محمود طاہر صاحب

# بیڈمنٹن و ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ

## زیر اہتمام: مجلس انصار اللہ پاکستان

مجلس انصار اللہ پاکستان کے زیر اہتمام آل پاکستان بیڈمنٹن و ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ مورخہ 23، 24 اور 25/فروری 2001ء ایوان محمود ربوہ کے ہال میں منعقد کیا گیا۔ اس ٹورنامنٹ کا افتتاح مورخہ 23/فروری بروز جمعہ تین بجے سہ پہر ایوان محمود ہال میں ہوا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب صدر انصار اللہ پاکستان تھے۔

تلاوت، عہد اور نظم کے بعد منتظم اعلیٰ ٹورنامنٹ مکرم پروفیسر قریشی عبدالجلیل صادق صاحب قائد ذہانت و صحت جسمانی انصار اللہ پاکستان نے رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ 1999ء میں اس ٹورنامنٹ کا آغاز کیا گیا۔ اور پہلے ٹورنامنٹ جس میں صرف بیڈمنٹن کا کھیل شامل تھا اس میں 12 اضلاع کے 30 کھلاڑی شامل ہوئے۔ دوسرے بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2000ء میں 11 اضلاع کے 42 انصار شامل ہوئے اور امسال خدا کے فضل سے ربوہ سمیت 13 اضلاع کے 86 کھلاڑی شامل ہوئے ہیں۔ امسال پہلی بار بیڈمنٹن کے ساتھ ٹیبل ٹینس کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب صدر انصار اللہ پاکستان نے ٹورنامنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کے انعقاد کا مقصد یہ ہے کہ تا انصار سارا سال جسمانی ورزش کرتے ہوئے اپنی عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ اپنی صحت کا بھی خیال رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ اس ٹورنامنٹ میں مزید کھیل بھی شامل کئے جا سکتے ہیں۔

افتتاحی تقریب کے موقع پر راولپنڈی کے دو انصار بھائیوں مکرم پیر افتخار الدین صاحب اور مکرم پیر انصار الدین صاحب کے درمیان ٹیبل ٹینس کا افتتاحی میچ کھیلا گیا۔ بعد ازاں حاضرین اور کھلاڑیوں کی چائے سے تواضع کی گئی جس کے بعد لیگ میچز کا آغاز ہو گیا۔

اس ٹورنامنٹ میں انصار کو عمروں کے لحاظ سے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا یعنی صف اول اور صف دوم کے الگ الگ مقابلے کروائے گئے۔ اسی طرح بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس دونوں کھیلوں میں سنگل اور ڈبل کے الگ الگ مقابلے ہوئے ٹورنامنٹ میں کل 8 ایونٹس Events رکھے گئے۔

کھلاڑیوں کو مختلف پولز Pools میں تقسیم کر دیا گیا تھا اور یہ میچز لیگ کی بنیاد پر کھیلے گئے۔

### اختتامی تقریب

مورخہ 25/فروری بروز اتوار بعد نماز عصر ایوان محمود ہال میں اس ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔ تلاوت عہد اور نظم کے بعد منتظم اعلیٰ ٹورنامنٹ مکرم و محترم قریشی عبدالجلیل صادق صاحب قائد ذہانت و صحت جسمانی نے رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے اپنی رپورٹ میں اب تک ہونے والے تینوں ٹورنامنٹ کے اعداد و شمار کا موازنہ پیش کیا۔ امسال کھلاڑیوں کی تعداد گزشتہ سال سے دوگنا سے بھی زیادہ رہی۔

اس ٹورنامنٹ میں ہونے والے میچز کی تعداد کی مختصر تفصیل یہ ہے:

### بیڈمنٹن

| | | |
|---|---|---|
| صف اول: | سنگل میچز | 56 |
| | ڈبل میچز | 26 |
| صف دوم: | سنگل میچز | 172 |
| | ڈبل میچز | 60 |

### ٹیبل ٹینس

| | | |
|---|---|---|
| صف اول: | سنگل | 35 |
| | ڈبل | 12 |
| صف دوم: | سنگل | 71 |
| | ڈبل | 35 |

رپورٹ کے بعد مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے اور اعزاز پانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔

ٹیبل ٹینس میں مین آف دی ٹورنامنٹ کا اعزاز حاصل کرنے والے مکرم شیخ کریم الدین صاحب ناظم انصار اللہ ضلع بہاولنگر کے طور پر خدمات بجا لا رہے ہیں اور یہ بہاولنگر میں معروف قانون دان اور وکیل کے طور پر شہرت رکھتے ہیں۔ اسلام آباد میں ہونے والی سیف گیمز میں نیشنل ٹیبل ٹینس ٹیم کے مینیجر رہے۔ اس وقت ڈسٹرکٹ ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن بہاولنگر کے صدر ہیں۔ پہلی مرتبہ انصار اللہ کے ٹورنامنٹ میں شامل ہوئے اور چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔

بیڈمنٹن میں مین آف دی ٹورنامنٹ کا اعزاز مکرم ملک طارق حبیب صاحب آف لاہور نے حاصل کیا۔ آپ 14 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے نیشنل چیمپئن آل پاکستان یونیورسٹیز کے چیمپئن رہ چکے ہیں۔ انگلستان سے باقاعدہ کوچنگ کا کورس کر کے پروفیشنل کوچ بن چکے ہیں اور آجکل کینیڈا میں کوچنگ کر رہے ہیں۔ تعلیم کے لحاظ سے انجینئرنگ کے ڈاکٹر ہیں۔ گزشتہ سال بھی اس ٹورنامنٹ میں چیمپئن کا اعزاز حاصل کیا اور امسال اس اعزاز کو برقرار رکھا۔

ٹیبل ٹینس میں معمر ترین کھلاڑی کا اعزاز مکرم عبدالرشید مبشر صاحب ماڈل کالونی کراچی نے حاصل کیا ان کی عمر 73 سال ہے اسی طرح بیڈمنٹن میں معمر ترین کھلاڑی مکرم ملک مقصود احمد صاحب آف لاہور تھے ان کی عمر بھی 73 سال ہے۔

ٹورنامنٹ میں نمائندگی کے لحاظ سے ٹیبل ٹینس میں ضلع راولپنڈی اول قرار پایا جبکہ بیڈمنٹن میں نمائندگی کے لحاظ سے کراچی اول رہا۔

25 فروری کو دوپہر کے کھانے میں تمام کھلاڑیوں، منتظمین اور بزرگان سلسلہ نے بھی شرکت فرمائی۔

آپ کا عطیہ خون
ایک قیمتی جان بچا سکتا ہے

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد) مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے۔ سالانہ 900 روپے

مرتبہ: نصیر احمد شریف صاحب

قسط دوم

# معدے کی تکالیف' السر وغیرہ کا علاج

## (DISEASES OF STOMACH & ULCER)

### سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی کتاب ''ہومیو پیتھی علاج بالمثل'' سے اقتباسات

### CROTALUS کروٹیلس

اس دوا کا مریض معدے کے گرد کسی قسم کا کپڑا برداشت نہیں کر سکتا۔ کوئی چیز اس کے معدے میں نہیں ٹکتی بلکہ شدید قے آ جاتی ہے۔ صفراوی مادے نکلتے ہیں۔ خون کی قے بھی آتی ہے۔ معدہ میں خالی پن کا احساس ہوتا ہے (ص 334) کروٹیلس پیٹ کی ہوا اور معدے کے السر میں بھی مفید ہے (ص 335)

### کروٹن ٹگلیم

### CROTON TIGLIUM

کروٹن میں پیٹ میں ہوا بھی ہوتی ہے اور انتڑیوں سے گڑگڑاہٹ کی آواز بھی آتی ہے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اندر پانی بھرا ہوا ہو۔ معدہ میں بھوک اور خالی پن کا احساس ہوتا ہے کروٹن میں جلد اور پیٹ کی علامتیں ایک دوسرے سے ادلتی بدلتی رہتی ہیں۔ (ص 338)

### کیوپرم میٹلیکم

### CUPRICUM MET

شدید پیٹ درد اور تھوڑے تھوڑے اسہال ہوں جن کے ساتھ تشنجی دورے بھی ہوں اور پیٹ تن جائے اور چھونے سے درد ہوتا ہے اندر کی طرف کھچاؤ محسوس ہو تو یہ کیوپرم کی علامتیں ہیں۔ (ص 344)

### سائیکلیمن یوروپیم

### CYCLAMEN EUROPAEUM

معدے کی تمام تکالیف پلسٹیلا سے ملتی جلتی ہیں۔ چربی والے کھانے سے نفرت۔ گرمی۔ جلن کا احساس اور کافی پینے کے بعد تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔ معدے کی تکلیفوں میں ہچکی کا آنا اس دوا کی بھی خاص علامت ہے۔ (ص 346)

### IDIGITALIS ڈیجی ٹیلس

معدے میں خالی پن اور ڈوبنے کا احساس بھی ہوتا ہے۔ یہ خصوصی علامت صرف چند دواؤں میں ہے سلفر میں بھی ایسی کمزوری محسوس ہوتی ہے مگر سلفر کے مریض کو کھانا کھانے سے آرام آ جاتا ہے لیکن اس دوائی میں کھانے سے آرام نہیں آتا۔ (ص 350)

ڈیجی ٹیلس میں بھوک کا فقدان اور پیاس کا بڑھ جانا پایا جاتا ہے۔ کالچیکم کی طرح کھانے کی خوشبو اشتہا پیدا کرنے کی بجائے بھوک کو بالکل ختم کر دیتی ہے۔ (ص 353)

### DIOSCOREA ڈائیاسکوریا

ڈائیاسکوریا کے مریض کے پیٹ کی ہوا میں بہت بدبو ہوتی ہے۔ صبح کے وقت منہ کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اور زبان پر سفید موٹی تہہ جم جاتی ہے۔ یہ پیٹ کے اعصابی دردوں کے لئے بھی مفید دوا ہے۔ (ص 356)

### FERRUM MET فیرم میٹ

معدے کی علامتوں میں بعض جوع البقر (گائے کی بھوک) کی طرح نہ مٹنے والی بھوک ملتی ہے اور بعض دفعہ بھوک کا کلیتہً فقدان کھٹی چیزوں سے سخت نفرت کھٹی چیزیں کھانے کی کوشش میں اسہال لگ جائیں گے۔ پیٹ عموماً ہوا سے تنا جاتا ہے۔ انڈا کھانا پسند بھی ہو تو ہرگز موافق نہیں آتا۔ رات کے وقت اکثر غیر ہضم شدہ غذا کی اجابت ہوتی ہے۔ (ص 380-381)

### FERRUM PHOS فیرم فاس

فیرم فاس میں بھوک کبھی کم ہو جاتی ہے اور کبھی بے حد زیادہ جو مٹتی ہی نہیں یہ دونوں انتہائیں اس میں پائی جاتی ہیں۔ یا حد سے زیادہ بھوک یا بھوک کا فقدان۔ اس کے علاوہ وہ چیزیں جو نقصان پہنچاتی ہیں۔ ان کی خواہش پیدا ہو جاتی ہے اور جو چیزیں موافق آتی ہیں ان کی خواہش مٹ جاتی ہے گوشت وغیرہ سے نفرت ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت میں فیرم فاس دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ (ص 386)

### جیلسیمیم

### GELSEMIUM

جیلسیمیم میں معدہ میں کمزوری اور خالی پن کا احساس بھی ملتا ہے۔ دل کی اعصابی بیماریوں کے ساتھ معدے پر بھی اثر پڑتا ہے خوف۔ دباؤ یا بری خبر سے معدہ خراب ہو جاتا ہے یہ علامت ارجنٹم نائیٹریکم میں بھی ملتی ہے۔ (ص 398)

### GLONOINE گلونائن

معدے اور انتڑیوں میں گڑگڑاہٹ ہوتی ہے۔ لو لگنے کی وجہ سے شدید متلی اور قے ایک طبعی امر ہے۔ معدہ میں کمزوری کا احساس ہوتا ہے لیکن اگر مریض چل رہا ہو تو نبض میں تیزی آ جاتی ہے (ص 405)

### GRAPHITS گریفائٹس

معدہ پر دباؤ اور جلن کا احساس ہوتا ہے جس سے بھوک لگتی ہے (ص 412)

### GRATIOLA گریشولا

اس کا نزلہ اگر معدہ پر گرے تو ساتھ ہی تشنج ہو جاتا ہے۔ اچانک بل پڑنے اور سکڑنے کا احساس ہوتا ہے اس کے علاوہ یہ معدہ کی عام خرابی کی بھی دوا ہے۔ گریشولا کے مریض کے معدہ کی خرابی میں اوپر کا ہونٹ سوج جاتا ہے یہ علامت پلسٹیلا میں بھی پائی جاتی ہے (ص 414)

معدہ کی عام بیماری متلی اور پیٹ میں ہوا کا اکٹھا ہو جانا ہے۔ گریشولا کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ کھانا کھانے کے ساتھ ہی متلی ختم ہو جاتی ہے۔ (ص 415)

### ھیلی بورس

بھوک پیاس ہونے کے باوجود کچھ کھا پی نہیں سکتا غذا کی نالی میں جلن ہوتی ہے پیٹ میں ہوا اور گڑگڑاہٹ معدہ کے مقام پر دباؤ اور چلتے ہوئے یا کھانستے ہوئے معدہ میں درد ہوتا ہے۔ (ص 433)

### HYDRASTIS ھائیڈراسٹس

مریض قبض کا شکار رہتا ہے۔ پیٹ کے نچلے حصے میں درد ہوتا ہے جو رفع حاجت کے بعد زیادہ ہو جاتا ہے معدہ میں ڈھکن کا احساس ہوتا ہے نظام ہضم بہت کمزور پڑ جاتا ہے منہ کا مزہ کڑوا اور زبان سفید ہو جاتی ہے۔ (ص 449)

### ھائیڈروسائینک ایسڈ

### HYDROCYNIC ACID

بعض مریضوں کو کھانا کھاتے ہی پیٹ میں درد شروع ہو جاتا ہے اور بعض کو کھانا کھانے سے پہلے درد ہوتا ہے ھائیڈروسائینک ایسڈ کے دائرے میں وہ مریض آتے ہیں جن کو خالی پیٹ رہنے سے پیٹ میں تشنجی درد ہوتا ہے معدے میں شدید کمزوری کا احساس ہوتا ہے جیسے معدہ ڈوب رہا ہو کھانا کھانے سے معدہ میں گڑگڑاہٹ کی آواز آتی ہے۔ دل کی دھڑکن بہت تیز ہو جاتی ہے۔ (ص 454)

### ھائیوسمس

### HYOSCYAMUS

ھائیوسمس میں معدہ ڈھیلا ہو کر پھیل جاتا ہے۔ پیٹ میں شدید مروڑ اٹھتا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ درد کی شدت سے پیٹ پھٹ جائے گا انتڑیاں بھی

آتی ہیں ہچکی لگ جاتی ہے۔ مریض چیخیں مارتا ہے اسے چکر آتے ہیں اور معدے میں جلن کا احساس بھی ہوتا ہے۔(ص 460)

## IODUM آیوڈم

اس دوا کے مریض کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ اسے بھوک بہت لگتی ہے ہر بیماری میں بھوک بے چین رکھتی ہے اور بھوک کے دوران بیماری میں اضافہ ہو جاتا ہے۔(ص 471)

## اپی کاک
## IPECACUANHA

اگر معدہ میں ہوا کا تناؤ محسوس ہو تو اپی کاک مفید ہے متلی اور قے کا رجحان بھی ملتا ہے ناف کے چاروں طرف ایسا درد جیسے کسی نے چٹکی بھر لی ہو جسم اکڑ جاتا ہے ان علامتوں میں اپی کاک مفید ہے۔(ص 476)

## آئرس ٹینکس
## IRISTENAX

اس دوا میں صبح کے وقت جاگنے پر اور کھڑے ہونے پر ڈوبنے کا احساس ہوتا ہے پیٹ میں شدید درد جو دائیں سے بائیں حرکت کرتی ہے اگر معدہ میں تیزابیت زیادہ ہو تو پیشاب بار بار آنے لگتا ہے۔(ص 481)

## آئرس ورسیکولر
## IRIS VERSICOLOR

یہ دوائی معدے کی کھٹاس کے لئے بہترین ہے یہ انتڑیوں اور معدہ کی اندرونی جھلیوں پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ اس میں دردِ شقیقہ کی تمام علامتیں پائی جاتی ہیں یعنی معدے کی کھٹاس۔ متلی کا رجحان آدھے سر میں درد جکڑن کا احساس وغیرہ وغیرہ۔(ص 483)

## KALI BICH کالی بائیکروم

یہ دوا معدے کی تکلیفوں میں بہت مفید ہے۔ معدے میں ناسور اور کینسر کی بیماریاں بیک وقت کسی ایک مریض میں شاذ ہی ہو سکتی ہیں یا وہ کینسر کا مریض ہو گا یا ناسوروں کا۔ کالی بائیکروم کا مریض معدے کے ناسوروں کا مریض ہوتا ہے۔ معدے کی تکلیفوں میں کالی بائیکروم کی علامتیں ملتی ہوں تو فوراً اسے شروع کروا دینا چاہئے تاکہ بیماری سنگین صورت نہ اختیار کر سکے۔(ص 486)

## KALI CARB کالی کارب

کالی کارب میں پیٹ میں شدید درد۔ بے چینی اور تشنج کے علاوہ خون بھی آتا ہے۔ کالی کارب میں کئی قسم کے درد ملتے ہیں (ص 496)

اہم نوٹ۔ پیٹ میں شدید بے چینی اور تشنج کے ساتھ خون کا اخراج پیچش کی اکثر دواؤں میں پایا جاتا ہے لہذا ضروری ہے کہ ہر دوا کی خصوصی علامات سے اسے پہچانا جائے۔(ص 496)

## KALI PHOS کالی فاس

کالی فاس میں ایک یہ علامت پائی جاتی ہے بھوک لگتی ہے لیکن کھانے کو دل نہیں چاہتا۔ عام طور پر یہ بہت حساس لوگوں کا مرض ہے۔ وہ نوجوان بچے اور بچیاں جو بہت دبلے پتلے ہوتے ہیں اور لوگ انہیں چھیڑتے ہیں وہ بہت حساس ہوتے ہیں اور کھانے کے خلاف ردعمل دکھانے لگتے ہیں جس چیز کی ضرورت ہو وہی استعمال نہیں کرتے ایسے مریض جو زیادہ حساس ہونے کی وجہ سے بھوک نہ لگنے کی بیماری (Anorexia) میں مبتلا ہو جائیں ان میں کالی فاس سب سے اچھی دوا ہے۔

جگر یا معدے کی خرابی کی وجہ سے بھوک مٹ جائے تو نکس وامیکا بہترین دوا ہے۔(ص 510)

## KALI SULPH کالی سلف

کھانے پینے کے بعد معدے میں درد جلن اور تشنج کھانسنے پر قے جس میں غیر ہضم شدہ غذا کے علاوہ بلغم ہوتی ہے۔ کھانے کے بعد پیٹ میں ہوا بھر جاتی ہے۔ تناؤ کا احساس بڑھ جاتا ہے۔ اور ہوا باہر نہیں نکلتی۔ رات کو پیٹ میں درد اور دھمک کا احساس ہوتا ہے سخت قبض اسہال سے ادلتی بدلتی رہتی ہے۔

کالی سلف میں اجابت کے بعد پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہیں مرک کار میں بھی یہ علامت ہے۔ اس میں اجابت کے دوران درد شروع ہو جاتا ہے جو بعد میں بھی جاری رہتا ہے۔(ص 518)

## KREOSOTUM کریوزوٹ

معدے میں تیزابیت قے۔ متلی کا رجحان ملتا ہے قے کا مواد گلے میں جلن اور خراش پیدا کرتا ہے منہ کا ذائقہ خصوصاً پانی پینے کے بعد کڑوا معلوم ہوتا ہے معدے میں درد جسے کچھ کھانے سے آرام ہو مگر کھانے کے بعد قے ہو جاتی ہے۔ معدے میں کھچاؤ اور ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔

کینسر کے رجحان والے مریض میں بھی کریوزوٹ مفید ہے۔ خصوصاً معدے کے کینسر کے آغاز میں کونیم کے ساتھ ملا کر دی جائے تو فائدہ پہنچاتی ہے۔ بیماری کی پوری علامتیں ظاہر ہونے سے پہلے ہی اگر کریوزوٹ کی علامتیں نظر آئیں تو فوراً شروع کروا دینی چاہئے۔ ورنہ اگر یہ کینسر ایک دفعہ شروع ہو جائے تو سنبھالنا ناممکن ہوتا ہے۔(ص 522)

## لیک ڈیف

وہ مریض جنہیں دودھ سے نفرت ہو یا ان کی تکلیفیں دودھ پینے سے بڑھ جائیں متلی۔ قے۔ سر درد۔ ڈکار۔ معدہ میں ہوا وغیرہ پیدا ہونے لگے تو اس قسم کی سب علامتوں میں لیک ڈیف کی ایک لاکھ میں ایک خوراک ہی کارگر ثابت ہو سکتی ہے۔ بعض دفعہ اسے کچھ عرصہ بعد دھرانا پڑتا ہے اگر دو خوراکوں کے بعد بھی کوئی فرق نہ پڑے تو پھر اس دوا کے پیچھے نہیں پڑنا چاہئے۔(ص 533)

## LACHESIS لیکسس

لیکسس پیٹ کی ہوا کے لئے مفید ہے اس کے مریض کا پیٹ ہوا سے تن جاتا ہے اگر یہ معلوم کر لیا جائے کہ مریض کا مزاج کس دوا کا مطالبہ کرتا ہے تو اس کی مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

سرد موسم میں مریض بہت ٹھنڈا ہو اور پیٹ میں ہوا بھی ہو جائے تو سورائینم (psorinum) مفید ہے رکی ہوائیں جاری ہو جاتی ہیں لیکن ان میں سخت بدبو ہوتی ہے۔ لیکسس میں بھی ہوا خارج ہونے سے پیٹ کا تناؤ کم ہو جاتا ہے لیکن ہوا میں بدبو نہیں ہوتی۔(ص 552)

## لاروسیراسس
## LAUROCERASUS

لاروسیراسس کے مریض کو سردی بہت لگتی ہے بیرونی ذریعہ سے گرمی پہنچانے سے بھی سردی کا احساس کم نہیں ہوتا۔ بعض اوقات معدے میں شدید درد اٹھتا ہے۔ جس کی وجہ سے مریض بات بھی نہیں کر سکتا۔ چہرے کے عضلات میں تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہیں سخت پیاس لگتی ہے اور منہ بالکل خشک ہو جاتا ہے۔ بھوک ختم ہو جاتی ہے۔(ص 556)

## LILLIUM TIG للیئم ٹگ

للیئم ٹگ میں معدہ میں ہوا بھی ہوتی ہے بوجھل پن کا احساس مگر بھوک بہت لگتی ہے مریض گوشت کھانے کی خواہش زیادہ محسوس کرتا ہے شدید پیاس لگتی ہے۔(ص 567)

## میگنیشیا کارب
## MAGNATIA CARB

بہت کھل کر اجابت ہوتی ہے جو ٹکڑوں کی صورت میں ہوتی ہے۔ اور پانی پر تیرتی ہے معدے اور انتڑیوں کے کینسر میں اجابت پانی پر تیرتی ہے اور ڈوبتی نہیں کیونکہ اس میں گیس ملی ہوئی ہوتی ہے۔ اس دوا کی سب بیماریوں میں خشکی بھی پائی جاتی ہے اور معدے میں کھٹاس ہوتی ہے۔(ص 570)

## MERCURIUS مرک سال

مرکری کے مریض کی بھوک یا تو بہت بڑھ جاتی ہے یا بالکل ختم ہو جاتی ہے گوشت۔ کافی اور چکنائی سے نفرت ہو جاتی ہے۔ مسلسل بھوک کے ساتھ کمزوری کا احساس بھی بڑھتا جاتا ہے دودھ اور میٹھی چیزیں معدے کی تیزابیت کو بڑھا دیتی ہیں۔ ٹھنڈی چیزیں پینے کی خواہش بہت ہوتی ہے۔ معدہ میں جلن۔ سوزش اور چھونے سے درد نمایاں طور پر پائے جاتے ہیں۔ ہچکی لگ جاتی ہے ڈکار بھی آتے ہیں۔ معدہ میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہے پیچش اور پیٹ درد میں جس میں ڈنگ مارنے کا احساس ہو مرکری کی علامتیں ہیں۔(ص 598)

## MILLIFOLIUM ملی فولیم

معدہ میں جلن اور کھرچن کا احساس رہتا ہے متعفن ریاح بھی ہوتی ہے۔(ص 603)

## MORGON CO مورگن کو

یہ انتڑیوں کی مزمن بیماریوں میں بہت مفید بتائی جاتی ہے۔(ص 605)

## میوریٹک ایسڈ
## MURIATICUM ACIDUM

نظام ہضم کے بگڑتے ہی ہومیوپیتھک طاقت میں میوریٹک ایسڈ دینا چاہئے۔(ص 607) اس دوا کے بعض مریض گوشت دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے لیکن اکثر مریض شوق سے گوشت کھاتے ہیں۔ بعض دفعہ شدید بھوک اور پیاس محسوس ہوتی ہے بعض مریضوں میں چھونے سے زود حسی اتنی بڑھ جاتی ہے کہ ناقابل برداشت ہو جاتی ہے حتیٰ کہ مریض اپنے آپ کو چادر سے ڈھانپنا بھی پسند نہیں کرتا۔(ص 608)

جاری ہے

عطیہ خون خدمت بھی عبادت بھی

# الفضل میگزین

نمبر 45

تحریر وترتیب: فخر الحق شمس

## سب کا حصہ

حضرت عبدالرحمان بن ابی بکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک سفر میں حضور ﷺ نے بکری خرید کر ذبح کروائی۔ پھر اس کی کلیجی بھوننے کا حکم دیا۔ جب وہ تیار ہو گئی تو قافلہ کے تمام لوگوں کو اس میں سے حصہ دیا۔ جو موجود تھے اس کو دے دیا اور اگر کوئی کسی وجہ سے اس وقت موجود نہیں تھا تو اس کا حصہ الگ کر کے رکھ دیا۔

(صحیح بخاری کتاب الھبۃ باب قبول ھدیۃ المشرکین)

## مہمان کے لئے

حضرت حافظ معین الدین صاحب کے ہاں ایک مہمان آگیا۔ ان کے گھر میں کچھ نہ تھا مگر مہمان نوازی بھی ضروری تھی۔ اس لئے کہیں سے اس کو روٹی لادی۔ دوسرے دن بھی اسی طرح کیا۔ تیسرے دن قریب کے ایک گاؤں میں گئے اور وہاں سے جا کر غلہ مانگا۔ جب ایک سیر کے قریب ہو گیا تو چکی سے خود پیسا اور اس کی روٹی پکوا کر مہمان کو کھلائی۔ جب کسی نے پوچھا کہ آپ نے یہ گداگری کیوں کی تو فرمایا۔

میں نے اپنے واسطے تو گداگری کبھی نہیں کی مگر مہمان کو روٹی کھلانی ضروری تھی۔

(رفقائے احمد جلد 13 صفحہ 310)

## حقیقی تقویٰ کی راہیں

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

چاہئے کہ تم بھی ہمدردی اور اپنے نفسوں کے پاک کرنے سے روح القدس سے حصہ لو کہ بجز روح القدس کے حقیقی تقویٰ حاصل نہیں ہو سکتی اور نفسانی جذبات کو بکلی چھوڑ کر خدا کی رضا کے لئے وہ راہ اختیار کرو جو اس سے زیادہ کوئی راہ تنگ نہ ہو دنیا کی لذتوں پر فریفتہ مت ہو کہ وہ خدا سے جدا کرتی ہیں اور خدا کے لئے تلخی کی زندگی اختیار کرو وہ درد جس سے خدا راضی ہو اس لذت سے بہتر ہے جس سے خدا ناراض ہو جائے۔ اور وہ شکست جس سے خدا راضی ہو اس فتح سے بہتر ہے جو موجب غضب الٰہی ہو۔ اس محبت کو چھوڑ دو جو خدا کے غضب کے قریب کرے۔ اگر تم صاف دل ہو کر اس کی طرف آجاؤ تو ہر ایک راہ میں وہ تمہاری مدد کرے گا اور کوئی دشمن تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 307)

## مشکلات دُور کرنے کی دعائیں

حضرت مسیح موعود نے حضرت نواب محمد علی خان صاحب کو بعض مشکلات میں دعا کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا۔

"آپ درویشانہ سیرت سے ہر ایک نماز کے بعد گیارہ دفعہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھیں اور رات کو سونے کے وقت معمولی نماز کے بعد کم سے کم اکتالیس دفعہ درود شریف پڑھ کر دو رکعت نماز پڑھیں اور ہر ایک سجدہ میں کم سے کم تین دفعہ یہ دعا پڑھیں۔

یا حیّ یا قیوم برحمتک استغیث ۔ پھر نماز پوری کر کے سلام پھیر دیں اور اپنے لئے دعا کریں۔"

(مکتوبات احمدیہ جلد ہفتم حصہ اول صفحہ 33)

## خدا کی حکمتوں پر ایمان لانے میں برکت ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

"ایک بچہ درزی کو دیکھے کہ اس نے تمام تھان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے تو وہ گھبرا اٹھتا ہے۔ کیونکہ نہیں جانتا کہ یہ ٹکڑے ایک اعلیٰ ملبوس بننے والے ہیں اسی طرح اللہ کے مصالح اکثر نادانوں سے مخفی رہتے ہیں۔ وہ ظاہری صورت دیکھ کر چلا اٹھتے ہیں۔

گلستان میں ایک مخص کی حکایت ہے کہ وہ لنگڑا ہو گیا اور ایک دن بیگار میں لوگوں کو پکڑ رہے تھے اسے چھوڑ گئے تو وہ خدا کا شکر بجالایا۔

قرآن شریف میں (حضرت) موسیٰؑ اور خضر کا قصہ ہے خضر نے ایک کشتی کو عیب ناک کر دیا اور بعد میں اس کی حکمت ظاہر ہوئی۔

پس ہمیں چاہئے کہ خدا کی حکمتوں پر ایمان لائیں اور اس کے حکم مانیں۔"

(حقائق الفرقان جلد اول ص 133)

## چھوٹے گھر کا بڑا آدمی

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی قابلیت ایسی تھی کہ چھ سال کی عمر میں چوتھی جماعت میں داخل ہوئے۔ شاندار نصابی کامیابیوں کے علاوہ بھی کئی میدانوں میں نمایاں اعزاز حاصل کیا۔ اور یہ سب ایسے گھر میں رہ کر حاصل کیا جو بہت چھوٹا تھا اس میں بجلی بھی نہیں تھی اور کئی چھوٹے بہن بھائی بھی ساتھ ہی رہتے تھے۔

(الفضل انٹرنیشنل 28 فروری 1997ء ص 14)

## ایک خطرناک آزمائش

ایک ورزش کرنے والے پر سب سے بڑا ابتلاء اس وقت آتا ہے جب وہ یہ سوچتا ہے کہ چلو آج ایک دن کا ناغہ کر لیں، کوئی بات نہیں یہ خیال ایک ورزش کرنے والے کا سب سے بڑا دشمن ہے اگر آپ اس وقتا فوقتا پیدا ہونے والے وسوسے پر قوت کے ساتھ غالب آ جائیں تو یقین جانیں کہ آپ صحت اور توانائی کے راستے پر بے روک ٹوک گامزن ہو چکے ہیں۔

(ورزش کے زینے صفحہ 35)

## غیر تحلیل شدہ چکنائی

چکنائی کی یہ قسم بہتر اور اعتدال کے ساتھ کی جا سکتی ہے۔ لیکن غیر تحلیل شدہ چکنائی کو بھی Poly unsaturated اور Mono unsaturated میں تقسیم کیا جا سکتا ہے مثلاً وہ تیل جو کمرے کے درجہ حرارت پر مائع حالت میں رہیں۔ Poly unsaturated کہلاتیں گے جیسے مکئی کا تیل، سورج مکھی کا تیل، کینولا آئل اور سبزیوں کا تیل جب کہ ناریل کا تیل اس میں شامل نہیں ہے کیونکہ اس میں تحلیل شدہ چکنائی کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے لہٰذا اس سے پرہیز کرنا چاہئے۔ زیتون کا تیل mono unsaturated ہے اور یہ دل کے لئے بہترین ہے یہ خون میں HDL کولیسٹرول کی مقدار بڑھاتا ہے جو کولیسٹرول کی محفوظ اور مفید قسم ہے اس کے علاوہ مچھلی بھی دل کے لئے مفید mono unsaturated چکنائی ہوتی ہے۔ پھر مارجرین، خاص طور پر نرم مارجرین میں Poly unsaturated عناصر بہت زیادہ ہوتے ہیں جبکہ سخت مارجرین میں تحلیل شدہ چکنائی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اس لئے اس سے بچنا چاہئے۔ خون میں LDL کولیسٹرول کی مقدار کم کرنے اور مفید HDL کولیسٹرول کی سطح بڑھانے کے لئے ہمیں ایسی خوراک سے پرہیز کرنا چاہئے جس میں تحلیل شدہ چکنائی زیادہ ہو اور غیر تحلیل شدہ چکنائی بھی اعتدال کے ساتھ استعمال کرنی چاہئے۔

## چلو اک بار پھر سے......

چلو اک بار پھر سے اجنبی بن جائیں ہم دونوں<br>
نہ میں تم سے کوئی امید رکھوں دل نوازی کی<br>
نہ تم میری طرف دیکھو غلط انداز نظروں سے<br>
نہ میرے دل کی دھڑکن لڑکھڑائے میری باتوں سے<br>
نہ ظاہر ہو تمہاری کشمکش کا راز نظروں سے<br>
تمہیں بھی کوئی الجھن روکتی ہے پیش قدمی سے<br>
مجھے بھی لوگ کہتے ہیں کہ یہ جلوے پرائے ہیں<br>
مرے ہمراہ بھی رسوائیاں ہیں میرے ماضی کی<br>
تمہارے ساتھ بھی گزری ہوئی راتوں کے سائے ہیں

(ساحر لدھیانوی)

## معذور نہیں

کینیڈا کا ایک نوجوان رک ہنسن صرف 16 ماہ کی عمر میں کار کے ایک حادثے میں اپنا نچلا دھڑ گنوا بیٹھا لیکن اس نے ہمت نہ ہاری اور کچھ کر دکھانے کا ارادہ کیا 21 مارچ 1985ء کو اس نے وینکوور سے اپنی وہیل چیئر پر بیٹھ کر دنیا بھر کے سفر کا آغاز کیا اور چار براعظموں کے 34 ممالک کا دورہ کرنے کے بعد 22 مئی 1987ء کو وینکوور واپس پہنچ گیا اس دوران ہنسن نے 4007406 کلومیٹر کا فاصلہ طے کیا۔ (انصاف 6 جنوری 2001ء)

